اُردو (لازمی)	نہم گوجرانوالہ بورڈ 2022ء	(انشائیہ طرز)
وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ	پہلا گروپ	کل نمبر: 60

حصہ اول

2- درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) (10)

حصہ نظم:

(i)

چھپتا نہیں نظروں میں. یاں خلعتِ سُلطانی
کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(ii)

جو بے داغ لالہ ، جو بے خار گُل ہے
وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے

(iii)

پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں
گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(iv)

ہے لازوال عہدِ خزاں اُس کے واسطے
کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

حصہ غزل:

(v)

عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

(vi)

ہم کو اُن سے ، وفا کی ہے اُمید
جو نہیں جانتے، وفا کیا ہے؟

(vii)

ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار
قلم اپنا موتی پرویا کیا

حصہ دوم

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: (5) (5)

(الف) مرزا اپنے دوستوں کے ساتھ، جو گردشِ روزگار سے بگڑ گئے تھے، نہایت شریفانہ طور سے سلوک کرتے تھے۔ دِلّی کے عمائد میں سے ایک صاحب جو مرزا کے دِلی دوست تھے اور ۱۸۵۷ء کے بعد ان کی حالت سقیم ہوگئی تھی۔

(ب) عام طور پر بُلبل کو آہ وزاری کی دعوت دی جاتی ہے اور رونے پیٹنے کے لیے اُکسایا جاتا ہے۔ بُلبل کو ایسی باتیں بالکل پسند نہیں۔ ویسے بُلبل ہونا کافی مضحکہ خیز ہوتا ہوگا۔ بُلبل اور گلاب کے عشق کی افواہ کسی شاعر نے اُڑائی تھی جس نے رات گئے گلاب کی ٹہنی پر بُلبل کو نالہ وشیون کرتے دیکھا تھا۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب لکھیے: (10)

(i) انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟
(ii) شریف زادے کی غزل سن کر سودا نے کیا کہا؟
(iii) ٹیلی وژن پر آنے والی کون سی خبر سے بی جان پریشان ہوگئیں؟
(iv) پھولوں میں کس کی خوشبو ہے؟ (نعت)
(v) بلی کتنے عرصے میں سدھائی جاسکتی ہے۔
(vi) تیتر اللہ تعالیٰ کی عظمت کیسے بیان کرتے ہیں؟
(vii) دلی قوئ کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟
(viii) مقطع کی مختصر تعریف بیان کیجیے۔

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (5)

(i) ہجرتِ نبوی ﷺ۔ (ii) امتحان

6- شاملِ نصاب نظم "نعت" کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے۔ (5)

7- کسی اخبار کے مدیر کے نام خط لکھ کر ٹریفک کی بدانتظامی کی طرف توجہ دلائیے۔ (10)

یا ہیلتھ آفیسر کے نام صفائی کا مناسب انتظام کرنے کی درخواست لکھیے۔

8- کپڑوں کی سلائی کے موضوع پر گاہک اور درزی کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

یا "اتفاق میں برکت" کے عنوان سے ایک کہانی لکھیے۔

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: (5)

(i) جی نے چا تو آوں گا۔ (ii) فقیر نے ہمت کو ہار دیا۔
(iii) اکرم نے لاہور جانا ہے۔ (iv) سامان، مکانات، دکانیں سب کچھ جل گئے۔
(v) جماعت کراچی چلی گئیں۔

یا درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) باسی کڑھی ....۔ (ii) دل کو دل سے ....۔
(iii) ڈوبتے کو تنکے ....۔ (iv) آب و دانہ ....۔
(v) ....۔